# سُورَةُ الإِنْشِقَاقِ

جدا کرنا / پھٹ پڑنا

القرآن ۸۴:۰۱-۲۵

QuranicQuotes.com

إِذَا ٱلسَّمَآءُ ٱنشَقَّتْ

جب آسمان پھٹ جائے گا۔

القرآن ۸۴:۰۱

QuranicQuotes.com

وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ

اور اپنے رب کے حکم کی تعمیل کرے گا اور
اسے یہی زیب دیتا ہے۔

القرآن ۸۴:۰۲

QuranicQuotes.com

وَإِذَا ٱلْأَرْضُ مُدَّتْ

اور جب زمین کو پھیلا دیا جائے گا۔

القرآن ۸۴:۰۳

QuranicQuotes.com

وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ

اور وہ نکال باہر کرے گی جو کچھ اس کے اندر تھا
اور خالی ہوجائے گی۔

القرآن ۸۴:۰۴

QuranicQuotes.com

وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ

اور وہ بھی اپنے رب کے حکم کی تعمیل کرے گی
اور اسے یہی زیب دیتا ہے۔

القرآن ۸۴:۰۵

QuranicQuotes.com

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلْإِنسَـٰنُ
إِنَّكَ كَادِحٌ إِلَىٰ رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلَـٰقِيهِ

اے انسان ! تو خوب کوشش کرتا ہے اپنے رب کی
طرف پھر تو اس سے ملنے والا ہے۔

القرآن ٨٤:٠٦

QuranicQuotes.com

فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَـٰبَهُۥ بِيَمِينِهِۦ

تو جس کو دیا جائے گا اس کا اعمال نامہ
داہنے ہاتھ میں۔

القرآن ۸۴:۰۷

QuranicQuotes.com

فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيرًا

تو اس سے لیا جائے گا بہت ہی آسان حساب۔

القرآن ۸۴:۰۸

QuranicQuotes.com

وَيَنقَلِبُ إِلَىٰٓ أَهْلِهِۦ مَسْرُورًا

اور وہ لوٹے گا اپنے گھر والوں کی طرف
خوش ہو کر۔

القرآن ۸۴:۰۹

QuranicQuotes.com

وَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَٰبَهُۥ وَرَآءَ ظَهْرِهِۦ

اور جس کو دیا جائے گا اس کا اعمالنامہ
اس کی پیٹھ کے پیچھے سے۔

القرآن ٨۴:١٠

QuranicQuotes.com

فَسَوْفَ يَدْعُواْ ثُبُورًۭا

تو اب وہ موت کی طلب کرے گا۔

القرآن ۸۴:۱۱

QuranicQuotes.com

وَيَصْلَىٰ سَعِيرًا

لیکن وہ داخل ہوگا جہنم میں۔

القرآن ۸۴:۱۲

QuranicQuotes.com

إِنَّهُۥ كَانَ فِىٓ أَهْلِهِۦ مَسْرُورًا

یقینا وہ اپنے اہل و عیال میں بہت
خوش و خرم تھا۔

القرآن ۸۴:۱۳

QuranicQuotes.com

إِنَّهُۥ ظَنَّ أَن لَّن يَحُورَ

اسے گمان ہوگیا تھا کہ کبھی لوٹ کر نہیں آنا ہے۔

القرآن ۸۴:۱۴

QuranicQuotes.com

بَلَىٰٓ إِنَّ رَبَّهُۥ كَانَ بِهِۦ بَصِيرًۢا

کیوں نہیں ! یقینا اس کا رب تو اسے بخوبی
دیکھ رہا تھا۔

القرآن ۸۴:۱۵

QuranicQuotes.com

فَلَآ أُقْسِمُ بِٱلشَّفَقِ

سو قسم کھاتا ہوں شام کی سرخی کی۔

القرآن ٨۴:١٦

QuranicQuotes.com

وَٱلَّيْلِ وَمَا وَسَقَ

اور رات کی اور ان چیزوں کی جن کو وہ
سمیٹے ہوئے ہے۔

القرآن ۸۴:۱۷

QuranicQuotes.com

وَٱلْقَمَرِ إِذَا ٱتَّسَقَ

اور چاند کی جب وہ پورا ہوجاتا ہے۔

القرآن ۸۴:۱۸

QuranicQuotes.com

لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَن طَبَقٍ

تم لازماً چڑھو گے درجہ بدرجہ۔

القرآن ۸۴:۱۹

QuranicQuotes.com

فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ

تو انہیں کیا ہوگیا ہے کہ یہ ایمان نہیں لاتے ؟

القرآن ۸۴:۲۰

QuranicQuotes.com

وَإِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ ٱلْقُرْءَانُ لَا يَسْجُدُونَ

اور جب انہیں قرآن پڑھ کر سنایا جاتا ہے تو یہ
سجدہ نہیں کرتے ؟

القرآن ٨۴:٢١

QuranicQuotes.com

بَلِ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ يُكَذِّبُونَ

بلکہ یہ کافر تو جھٹلا رہے ہیں۔

القرآن ۸۴:۲۲

QuranicQuotes.com

# وَٱللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يُوعُونَ

اور اللہ کو خوب معلوم ہے کہ یہ لوگ
(اپنے اندر) کیا بھرے ہوئے ہیں۔

القرآن ۸۴:۲۳

QuranicQuotes.com

فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ

تو ان کو بشارت دے دیجیے دردناک عذاب کی۔

القرآن ۸۴:۲۴

QuranicQuotes.com

إِلَّا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟
ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍۭ

البتہ جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل
کیے ان کے لیے کبھی نہ ختم ہونے والا اجر ہے۔

القرآن ۸۴:۲۵

QuranicQuotes.com